نیوز ریلیز

البرٹا کی کووِڈ-19 ویکسین کی فراہمی میں توسیع

19 فروری، 2021ء

البرٹا کی ویکسین کی تقسیم کی حکمت عملی کے مرحلہ 2 کے تحت اس موسم بہار میں 1.79 ملین سے زائد البرٹنز کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوائیں گے۔

فیز 2 حفاظتی ٹیکے ایک مرحلہ وار طریقہ کار کے ساتھ پیش کئے جائیں گے اور مکمل ہو جانے پر، وہ 50 سے 74 سال کی عمر کے کسی بھی فرد کو، کسی بھی زیادہ خطرے والی صحت کی حالت سے دوچار ہونے والے کو، فرسٹ نیشنز اور میٹیس لوگ جن کی عمریں 35 اور اس سے زائد ہیں، اجتماعی رہائشوں والے ماحول والوں کو، اور اہل نگہداشت کرنے والوں کو لگ چکے ہوں گے۔

مرحلہ 2 کا ہدف اپریل کے شروع میں ہے، جس کا انحصار ویکسین کی سپلائی پر ہے۔

"البرٹا کی ویکسین کی فراہمی میں ہمیشہ ان لوگوں کو ترجیح دی جاتی ہے جنھیں کووِڈ-19 کا زیادہ خطرہ ہے اور اس لحاظ سے مرحلہ 2 مختلف نہیں ہے۔ خطرے والے البرٹنز کی شناخت کیلئے ہم نے پبلک ہیلتھ کے ماہرین اور اپنی ویکسین ٹاسک فورس کے مشوروں پر عمل کیا ہے۔ مرحلہ 2 مکمل ہونے تک، 1.79 ملین مزید البرٹنز کو کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہوں گے، اور پھر ہم عام لوگوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے میں کامیاب ہو سکیں گے۔ ہمارا صوبہ البرٹنز کے بازوؤں پر جتنا جلد ممکن ہو حفاظتی ٹیکے لگانے کیلئے تیار ہے۔ تاہم، اس کا انحصار آٹوا سے البرٹا کے ویکسین کی وقت پر، صحیح فراہمی حاصل کرنے پر ہے۔ ہماری ضرورت ہے کہ وفاقی حکومت تاخیر کا خاتمہ کرے اور ہم وقت پر کام سر انجام دے سکیں۔"

جیسن کینی، پریمیئر (Jason Kenney, Premier)

"البرٹا کا ویکسین ڈلیوری کا پروگرام بہترین پروگراموں میں سے ہے اور جوں جوں ہم زیادہ سپلائی حاصل کریں گے بڑھتا رہے گا۔ جتنی ویکسین البرٹا میں پہنچتی ہے، اتنی ہی تیزی سے ہم مرحلہ 2 تک پہنچ سکتے ہیں اور بہت سے مزید البرٹنز کو حفاظتی ٹیکے لگانا شروع کر سکتے ہیں۔ وبائی مرض ختم نہیں ہوا ہے، لیکن ہم اس کے خلاف اپنے دفاع کو مستقل مزاجی سے قائم کر رہے ہیں۔"

ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت

فیز 2 میں اہلیت گروپ اے سے گروپ ڈی کی طرف بڑھے گی:

- گروپ اے میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - 65 سے 74 سال کی عمر کے البرٹنز، خواہ وہ کہیں بھی رہتے ہیں۔
  - فرسٹ نیشنز اور میٹیس لوگ جو 50 سے 64 سال کے ہیں، ریزرو یا میٹیس سیٹلمینٹس پر یا باہر۔
  - لائسنس یافتہ امدادی رہائشی سہولیات کا عملہ مرحلہ 1 میں شامل نہیں ہے۔
- گروپ بی میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
  - صحت سے متعلقہ زیادہ خطرے والے 18 سے 64 سالہ البرٹنز۔ مرحلہ 2 کی فراہمی سے پہلے مخصوص حالتوں پر اضافی معلومات فراہم کی جائیں گی۔

- گروپ سی میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
    - اجتماعی رہائشی ترتیبات کے رہائشی اور عملہ۔ اس میں اصلاحی سہولیات، بے گھروں کی پناہ گاہیں، اورگروپ ہومز شامل ہیں، جن میں معذوری، ذہنی صحت اور لائسنس یافتہ امدادی رہائشوں کی دیگر اقسام شامل ہیں۔
    - صحت کی نگہداشت کرنے والے ورکر جو براہ راست اور شدید مریضوں کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں جو زیادہ خطرہ والے افراد میں پھیلانے کی زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں۔
    - البرٹنز کی دیکھ بھال کرنے والے جنہیں شدید نتائج کا سب سے زیادہ خطرہ ہے۔
- گروپ ڈی میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:
    - 50 سے 64 سال کی عمر کے البرٹنز، خواہ وہ کہیں بھی رہتے ہیں۔
    - فرسٹ نیشنز اور میٹیس لوگ جو 35 سے 49 سال کے ہیں، ریزرو یا میٹیس سیٹلمینٹس پر یا باہر۔

اہل البرٹنزیہ ویکسین کیسے حاصل کریں گے، اس بارے میں تفصیلی معلومات مرحلہ 2 میں ہر قدم سے پہلے جاری کی جائیں گی۔ ہر مرحلے کو شروع کرنے کی ٹائم لائن کا انحصار ویکسین کی فراہمی اور دستیابی پر ہے۔ صوبے میں ویکسین کی تقسیم کیلئے البرٹا وفاقی حکومت پر انحصار کرتا ہے۔

دوسرے تمام گروپوں کی ترتیب کی شناخت کیلئے کام جاری ہے۔

حفاظتی ٹیکے لگوانے والے تمام افراد سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صحت کی ہدایات اور پابندیوں پر عمل کرتے رہیں گے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا میں کووِڈ-19 کی ویکسین

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- ایونٹ کی تصاویر دیکھیں *(ایونٹ کے بعد دستیاب ہوں گی)*

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر
ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید سرکاری ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx